کمپیوٹراستعمال کرنے والوں کے لئے ماہانہ سکیورٹی تعلیم کا نیوز لیٹر

OUCH!

اس شمارے میں شامل ہے:

- جائزہ
- ایپلیکیشنز حاصل کرنا
- اجازت
- ایپلیکیشنز کو اپڈیٹ کرنا

موبائل ایپلیکیشنز کا محفوظ طریقے سے استعمال

مہمان ایڈیٹر

کرس کراؤلی ایک خود مختار کنسلٹنٹ، SANS کے سرٹیفائڈ انسٹرکٹر اور کورس کے مصنف ہیں۔ وہ ٹوئیٹر پر **@CCrowMontance** اور گُوگل پلس پر **+ChrisCrowley** کے ذریعے فعال ہیں۔

جائزہ

موبائل آلات جیسے کہ ٹیبلیٹ اور اسمارٹ فون، ہماری ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگیوں میں استعمال ہونے والی بنیادی ٹیکنالوجیز میں سے ایک بن گئی ہے۔ موبائل آلات کو وہ لاکھوں ایپلیکیشنز جن میں سے ہم انتخاب کرسکتے ہیں، کثیر المقصد بنا دیتی ہیں- یہ ایپلیکیشنز ہمیں بہت زیادہ باصلاحیت بنادیتی ہیں اور ہمیں دوسروں سے رابطہ اور اشتراک کرنے، تعلیم و تربیت دینے یا صرف لطف اندوز ہونے کا ذریعہ فراہم کرتی ہیں۔ تاہم ان موبائل ایپلیکیشنز کی اتنی ساری سہولیات کے ساتھ کچھ خدشات بھی لاحق ہیں۔ آپ مندرجہ ذیل اقدامات کے ذریعے اپنی موبائل ایپلیکیشنز کو محفوظ بنا سکتے ہیں اور انہیں محفوظ طریقے سے استعمال کرسکتے ہیں۔

موبائل ایپلیکیشنز حاصل کرنا

موبائل ایپلیکیشنز کو حاصل کرنے کے لئے سب سے پہلا قدم اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ آپ اُنہیں محفوظ، قابلِ بھروسہ جگہ سے ڈاؤن لوڈ کریں- یاد رہے کہ موبائل ایپلیکیشن کوئی بھی بنا سکتا ہے، اس لئے آپ کو اُنہیں ڈاؤن لوڈ کرتے وقت محتاط رہنا پڑے گا۔ سائبر مجرمان نے متاثرہ موبائل ایپلیکیشنز، جو کہ دیکھنے میں بالکل اصل جیسی لگتی ہیں، کو بنانے اور تقسیم کرنے میں کافی مہارت حاصل کرلی ہے- اگر آپ ان متاثرہ ایپلیکیشنز میں سے کسی ایک ایپلیکیشن کو ڈاؤن لوڈ کرتے ہیں تو یہ مجرمان آ پ کے موبائل آلہ کا اختیار حاصل کرسکتے ہیں جس میں آپ کی ای-میلز پڑھنا، آپ کی باتیں سننا اور آپ کے کانٹیکٹس کو چرانا شامل ہے۔ جانی پہچانی اور قابل بھروسہ جگہ سے ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کرنے سے آپ متاثرہ ایپلیکیشن کے انسٹال کرنے کے امکانات کو کم کردیتے ہیں۔ آپ کو شاید اس بات کا احساس نہ ہو کہ آپ کے موبائل آلہ کا برانڈ آپ کے لئے اختیارات کا تعین کرتا ہے۔

ایپّل کے آلات جیسے کہ آئی پیڈ یا آئی فون میں آپ موبائل ایپلیکیشنز کو منظّم ماحول میں صرف ایپّل ایپ اسٹور کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں- اس سے فائدہ یہ ہوتا ہے کہ ایپّل، موبائل ایپلیکیشنز اور اُن کے مصنّفین، دونوں کی سکیورٹی کی جانچ کرتا ہے- ایپّل حالانکہ تمام بُرے لوگوں یا تمام متاثرہ ایپلیکیشنز کو پکڑ نہیں سکتا ہے- یہ منظّم ماحول، آپ کے متاثرہ ایپلیکیشن کو انسٹال کرنے کے امکانات کو ڈرامائی طور پر کم کر دیتا ہے- اس کے علاوہ اگرایپّل کو اپنے اسٹور میں کسی ایسی ایپلیکیشن کا پتہ چلتا ہے جس کے بارے میں اُسے شک ہو کہ وہ متاثرہ ہے، تو وہ اُس موبائل ایپلیکیشن کو فوراً وہاں سے ہٹا دیتا ہے۔ ونڈوز کے فون بھی ایپلیکیشنز کو منظم کرنے کے لئے اس سے ملتے جُلتے طریقہ کار کا استعمال کرتے ہیں۔

اینڈروائڈ کے موبائل آلات مختلف ہوتے ہیں۔ اینڈروائڈ آپ کو انٹرنیٹ پر کہیں سے بھی موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کرنے کے معاملے میں زیادہ لچک فراہم کرتا ہے- تاہم اس لچک کے ساتھ کچھ ذمہ داری بھی شامل ہوتی ہے۔ آپ کو اس بارے میں محتاط رہنا پڑے گا کہ آپ کون سی موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ اور انسٹال کررہے ہیں کیوںکہ ان تمام ایپلیکیشنز کا جائزہ موجود نہیں ہوتا ہے۔ گُوگل، ایپّل کی طرح ایک

موبائل ایپلیکیشنز کا محفوظ طریقے سے استعمال

موبائل ایپلیکیشن اسٹور منظم کرتاہے جو کہ گُوگل پلے کہلاتا ہے۔ آپ جو موبائل ایپلیکیشن گُوگل پلے سے ڈاؤن لوڈ کرتے ہیں ان میں کچھ بنیادی جائزے شامل ہوتے ہیں۔ ویسے ہمارا مشورہ ہے کہ آپ اینڈروئڈ آلات کے لئے موبائل ایپلیکیشن صرف گُوگل پلے سے ڈاؤن لوڈ کریں۔ اینڈروائڈ موبائل ایپلیکیشن کو دوسری ویب سائٹس کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کرنے سے اجتناب کریں کیونکہ کوئی بھی شخص بشمول سائبر مجرمان، آسانی سے مضر ایپلیکیشنز بنا اور اسے تقسیم کرسکتے ہیں اور دھوکہ دہی کے ذریعے آپ کے موبائل آلہ کو متاثر کرسکتے ہیں۔ اضافی تحفظ کے طور پر آپ اپنے موبائل آلہ پر اینٹی وائیرس انسٹال کرنے کے بارے میں غور کریں۔

موبائل ایپلیکیشنز کو محفوظ طریقے سے استعمال کرنے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ آپ ایپلیکیشنز کو صرف قابل بھروسہ جگہوں سے انسٹال کریں اور اس بات کی یقین دہانی کرلیں کہ آپ کی ایپلیکیشنز اپڈیٹڈ ہیں اور آپ نے انہیں درکار تمام اجازت کی تصدیق کرلی ہے۔

خطرات کو مزید کم کرنے کے لئے آپ ایسی ایپلیکیشنز کو ڈاؤن لوڈ کرنے سے اجتناب کریں جو کہ بالکل نئی ہوں یا چند لوگوں نے ڈاؤن لوڈ کی ہوں یا ان کے بارے میں بہت ہی کم مثبت تبصرے موجود ہوں۔ جتنے زیادہ عرصے تک ایک ایپلیکیشن دستیاب ہوگی یا اُس کے بارے میں جتنے زیادہ مثبت تبصرے موجود ہوں گے، اُتنا ہی زیادہ وہ ایپلیکیشن قابلِ بھروسہ ہوگی۔ اس کے علاوہ یہ کہ آپ صرف ان ایپلیکیشنز کو انسٹال کریں جن کی آپ کو ضرورت ہے اور جنہیں آپ استعمال کرتے ہیں۔ آپ اپنے آپ سے پوچھیں، کیا مجھے اس ایپلیکیشن کی ضرورت ہے؟ ہر ایپلیکیشن نہ صرف ممکنہ طور پر نئے خطرات بلکہ نئے پرائیویسی مسائل بھی ساتھ لے کر آتی ہے۔ اگر آپ کسی ایپلیکیشن کا استعمال چھوڑ دیتے ہیں تو آپ کو چاہیئے کہ آپ اُسے اپنے موبائل آلہ سے بھی ہٹا دیں (اگر بعد میں آپ کو اس کی ضرورت پڑے تو آپ اُسے دوبارہ انسٹال کرسکتے ہیں)۔

آخر میں یہ کہ شاید آپ کا اپنے موبائل آلہ کو جیل بریک یا روٹ کرنے کا دل چاہے۔ یہ موبائل آلہ کو ہیک کرنے اور اس میں غیر منظور شدہ ایپلکیشنز کو انسٹال کرنے یا موجودہ خصوصیات کو تبدیل کرنے کا عمل ہوتا ہے۔ ہمارا پرُزور مشورہ ہے کہ آپ جیل بریک یا رُوٹنگ نہ کریں کیونکہ یہ نہ صرف آپ کے موبائل آلے کے کئی سکیورٹی کنٹرولز سے بچ نکلتے ہیں یا انہیں ختم کردیتے ہیں بلکہ اکثر اُس کی وجہ سے وارنٹی اور سپورٹ کانٹریکٹس بھی ختم ہوجاتے ہیں۔

اجازت

ایک بار جب آپ موبائل ایپلیکیشن کو قابل اعتماد جگہ سے ڈاؤن لوڈ کرلیں تواگلا قدم اس بات کی یقین دہانی کرنا ہے کہ یہ ایپلیکیشن محفوظ طریقے سے کنفِگر ہے اور آپ کی پرائیویسی کی حفاظت کررہی ہے۔ موبائل ایپلیکیشن کو انسٹال اور / یا کنفِگر کرنے کے لئے اکثر آپ کی مخصوص اجازت کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ ہمیشہ کسی بھی ایپلیکیشن کو کسی بھی قسم کا اختیار دینے سے پہلے سوچیں، کیا آپ کی ایپلیکیشن کو اس کے بیان کردہ کام کے لئے واقعی اُس اجازت کی ضرورت ہے؟ مثال کے طور پر کچھ ایپلیکیشنز جیو لوکیشن سروسز کا استعمال کرتی ہیں۔ اگر آپ کسی ایپلیکیشن کو ہمیشہ اپنے مُحلّ وقوُع جاننے کی اجازت دیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ اُس ایپلیکیشن کے مُصنّف کو اپنی نقل و حرکت پر نظر رکھنے کی اجازت دے رہے ہیں اور شاید وہ آپ کی معلومات دوسروں کو بیچ بھی دیں۔ اگر آپ کسی ایپلیکیشن کو اُس کی مانگی گئی اجازت نہیں دینا چاہ رہے ہیں تو آپ کسی ایسی دوسری ایپلیکیشن کو ڈاؤن لوڈ کریں جو آپ کی ضرورت کے مطابق ہوں۔ یاد رکھیں کہ آپ کے پاس کافی اختیارات ہیں۔ ایپّل آلات، کچھ اجازت کو سیٹنگ کے ذریعے یا رَن ٹائم پر تبدیل کرنے کی سہولت فراہم

موبائل ایپلیکیشنز کا محفوظ طریقے سے استعمال

کرتے ہیں جیسے کہ جیو لوکیشن معلومات تک رسائی۔ ونڈوز اور اینڈرواڈ موبائل آلات مختلف ہوتے ہیں، وہ آپ کو ‹سب کچھ یا کچھ بھی نہیں› طریقہ کار پیش کرتے ہیں یعنی اگر آپ مخصوص کردہ تمام اجازت فراہم نہیں کرتے ہیں تو آپ اُس ایپلیکیشن کو انسٹال نہیں کرسکتے ہیں۔

ایپلیکیشنز کو اپڈیٹ کرنا

آپ کے کمپیوٹر اور موبائل آلہ کے آپریٹنگ سسٹم کی طرح، موبائل ایپلیکیشنز کو بھی اپڈیٹ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ وہ تازہ ترین (ورژن پر) رہیں- مجرمان مسلسل ایپلیکیشنز میں کمزوریاں تلاش کررہے ہوتے ہیں- پھر وہ ان کمزوریوں کا فائدہ اُٹھانے کے لئے حملے ترتیب دیتے ہیں- آپ کی ایپلیکیشن بنانے والے ڈیویلپرز بھی ان کمزوریوں کی تصحیح اور آپ کے آلہ کو محفوظ رکھنے کے لئے اپڈیٹ نکالتے رہتے ہیں۔ آپ جتنا زیادہ اپڈیٹ کی جانچ پڑتال کریں گے اور انہیں انسٹال کریں گے اُتنا ہی بہتر ہوگا- زیادہ تر پلیٹ فارمز، آپ کو اپنا سسٹم اس طرح کنفِگر کرنے کی سہولت مہیہ کرتے ہیں کہ آپ کی موبائل ایپلیکیشنز خودکار طور پر اپڈیٹ ہوسکیں۔ ہم آپ کو اس سیٹنگ کو اپنانے کا مشورہ دیتے ہیں- اگر یہ ممکن نہ ہوتو ہمارا مشورہ ہے کہ آپ کم از کم دو ہفتوں میں ایک دفعہ اپنی موبائل ایپلیکیشنز کی تازہ ترین اپڈیٹس کی جانچ کریں۔ تاہم جب آپ کی ایپلیکیشنز اپڈیٹ ہوں تو آپ ان کو درکار کسی بھی نئی اجازت کی تصدیق ہمیشہ کریں۔

مزید جانیئے

OUCH! کے ماہانہ سیکیورٹی تعلیم کے نیوز لیٹر کو سبسکرائب کریں،OUCH! archives تک رسائی حاصل کریں اورSANS سیکیورٹی سے مزیدآگاہی کے لئے اس ویب سائٹ کا دورہ کریں http://www.securingthehuman.org (انگریزی میں) ۔

اردو ایڈیشن

Rewterz پاکستان کی معروف انفارمیشن سیکیورٹی کمپنی ہے جو پچھلے سات سالوں سے آئی ٹی سیکیورٹی کے شعبے میں خدمات سرانجام دے رہی ہے - کمپنی کے بارے میں مزید معلومات کے لئے http://www.rewterz.com کا دورہ کریں یاہمارے فیس بک پیج https://www.facebook.com/Rewterz کو ‘لائک‘ کریں یا ٹوئیٹر @Rewterz پر فالو کریں۔

وسائل:

سوشل انجینیئرنگ:	http://www.securingthehuman.org/ouch/2014#november2014
اپنے موبائل آلہ کوتلف کرنا:	http://www.securingthehuman.org/ouch/2014#june2014
اپنے نۓ ٹیبلٹ کو محفوظ کرنا:	http://www.securingthehuman.org/ouch/2013#december2013
مشترکہ سکیورٹی اصطلاحات:	http://www.securingthehuman.org/resources/security-terms
SEC575: موبائل آلہ کا سکیورٹی کورس:	http://www.sans.org/sec575

OUCH! کی ا شاعتSANS Secure The Human Programکے ذریعے ہوتی ہے اور اسے Creative Commons BY-NC-ND 4.0 License کے تحت تقسیم کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔ آپ اس نیوز لیٹر کو تقسیم سکتے ہیں اگر آپ اس کا حوالہ دیں ، اس میں کوئی تبدیلی نہ کریں اور نہ ہی اسے تجارتی مقاصد کے لئے استعمال کریں ۔ ترجمے اور مزید معلومات کے لئےouch@securethehuman.orgپر رابطہ کریں

ایڈیٹوریل بورڈ: بل وے مین، والٹ اسکریونز، فل ہوفمن، لینس اسپٹزنر، کارمن رولی ہارڈی۔

ترجمہ: شعیب ہاشمی

securingthehuman.org/blog /securethehuman @securethehuman securingthehuman.org/gplus